الیکشن کمیشن آف پاکستان

شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

اسلام آباد بتاریخ05جولائی 2021

نئےبھرتی کیےگئےالیکشن افسران (BS-17)کی پری سروس ٹریننگ پروگرام کی افتتاحی تقریب آج فیڈرل الیکشن اکیڈمی اسلام آباد میں منعقد کی گئی۔

چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ تقریب کے مہمان خصوصی تھے تقریب میں ممبران الیکشن کمیشن ،سیکرٹری الیکشن کمیشن ،صوبائی الیکشن کمشنر ز الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکرٹریٹ کے افسران الیکشن کمیشن کے عملی شراکت دار اداروں کے ارکان نے شرکت کی ۔

چیف الیکشن کمشنر نے پری سروس ٹریننگ پروگرام کا باقاعدہ افتتاح کیاتقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ الیکشن کمیشن کی تاریخ میں اتنے بڑے پیمانے پر پہلی بار بھرتی کی گئی ہے اور تمام عمل میرٹ کی بنیاد پر انتہائی شفاف انداز میں کیا گیااورشفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال کیا گیا۔ چیف الیکشن کمشنر نے نئے افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہاکہ الیکشن ایکٹ (12(a پرعمل درآمد کے لیے الیکشن کمیشن آف پاکستان نے افرادی قوت کی پیشہ وارانہ استعداد کار بڑھانے کے لیے فیڈرل الیکشن اکیڈمی میں اس تربیتی پروگرام کا آغازکیا گیا ہے یہ تربیتی پروگرام منفرد نوعیت کا حامل ہے جسکی

ڈیزائننگ کے لیے فیڈرل الیکشن اکیڈمی کی تربیتی ٹیم نے دن رات محنت کی ہے اور 16ہفتے کا ایک جامع پروگرام تربیت دیا ہے میں انکی محنت کی داد دیتا ہوں ۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے اپنے حطاب میں کہاکہ نئے افسران کی بھرتی اور ٹریننگ کے حوالے سے انہیں چیف الیکشن کمشنر اور ممبران الیکشن کمیشن کی بھر پور حمایت حاصل رہی اور اس سلسلے میں الیکشن کمیشن کے متعلقہ افسران کی ان تھک کوششیں بھی شامل رہیں۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن نے مزید کہا کہ الیکشن افسران کی 75خالی نشستوں کے لیے ایک لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں جبکہ 50ہزار سے زائد امیدوار تحریری امتحان میں شریک ہوئے تحریری امتحان کے نتیجے میں شارٹ لسٹڈ امیدواران کو ایک اور تحریری امتحان سے گزرنا پڑاجس کے بعد انٹرویوکا انعقاد کیا گیا اس سارے عمل کے نتیجے میں 75 کامیاب امیدواروں کا انتخاب ہوا۔ سیکرٹری الیکشن کمیشن نے مزید بتا یا کہ 16 ہفتوں پر محیط پری سروس ٹریننگ کے 300سو نمبر زہوں گے اور اس ٹریننگ کے بعد نئے بھرتی افسران کی سنیارٹی لسٹ مرتب کی جائےگی۔

ڈائریکٹر ایڈمن فیڈرل الیکشن اکیڈمی مکھی بانونےکہا کہ پری سروس ٹرنینگ کے کلُ 18 ماڈیولز پر مشتمل ہے۔جن میں الیکٹورل لاء ز کے علاوہ آفس مینجمنٹ ،لیڈر شپ ،انٹرنیشنل بیٹ پریکٹسز، میڈیا منجمنٹ کے ماڈیولز بھی شامل ہیں اور اس ٹرنینگ میں کچھ دیگر اداروں جس میں نیشنل یورنیورسٹی آف سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف پارلیمنٹری سروسز ، سیکرٹریٹ ٹرنینگ انسٹی ٹیوٹ ، انفارمیشن سروس اکیڈیمی اور الیکشن کمیشن کے عملی شراکت دار اداروں کی معاونت بھی حاصل کی جائے گی۔ تقریب سے ممبران الیکشن کمشنر اور صوبائی الیکشن کمشنر زنے بھی خطاب کرتے ہوئے افسران کو مبارک باد دی اور افسران کو کرئیر کی بہتری کے لئے ٹرنینگ کے عمل کی اہمیت پر زور دیا۔